القرآن الكريم

سُورَةُ البَقَرَة

سُورَةُ الصَّافَّاتِ

لفظی اور با محاورہ ترجمہ

By Shehla Rani
HAQUE
Coaching and Consulting
00966 503 370483

﴿ سُورَةُ الصَّافَّاتِ﴾

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

وَٱلصَّٰٓفَّٰتِ صَفّٗا ١ فَٱلزَّٰجِرَٰتِ زَجۡرٗا ٢ فَٱلتَّٰلِيَٰتِ ذِكۡرًا ٣

وَٱلصَّٰٓفَّٰتِ	صَفّٗا ١	فَٱلزَّٰجِرَٰتِ	زَجۡرٗا ٢	فَٱلتَّٰلِيَٰتِ ذِكۡرًا ٣
قسم ہے صف باندھے (فرشتوں) کی	قطار بنا کر	پھر ڈانٹنے والوں کی	جھڑک کر	پھر قرآن کی تلاوت کرنے والوں کی
قسم ہے ان فرشتوں کی جو قطار در قطار صفیں باندھے حاضر رہتے ہیں۔ پھر قسم ہے اُن کی جو ڈانٹنے والے ہیں۔ پھر قسم ہے				

إِنَّ إِلَٰهَكُمۡ لَوَٰحِدٞ ٤ رَّبُّ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ

إِنَّ	إِلَٰهَكُمۡ	لَوَٰحِدٞ ٤	رَّبُّ	ٱلسَّمَٰوَٰتِ	وَٱلۡأَرۡضِ
بیشک	تمھارا معبود	یقیناً ایک ہے	جو رب ہے	آسمانوں کا	اور زمین کا
اُن کی جو قرآن کی تلاوت کرنے والے ہیں۔ یقیناً تمھارا الٰہ ایک ہی ہے۔ جو رب ہے آسمانوں اور زمین کا					

وَمَا بَيۡنَهُمَا وَرَبُّ ٱلۡمَشَٰرِقِ ٥ إِنَّا زَيَّنَّا ٱلسَّمَآءَ ٱلدُّنۡيَا

وَمَا	بَيۡنَهُمَا	وَرَبُّ	ٱلۡمَشَٰرِقِ ٥	إِنَّا زَيَّنَّا	ٱلسَّمَآءَ ٱلدُّنۡيَا
اور جو کچھ	ان دونوں کے درمیان ہے	اور رب ہے	تمام مشرقوں کا	بیشک ہم نے زینت دی	دنیا کے آسمان کو
اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے اور رب ہے تمام مشرقوں کا۔ بیشک ہم نے زینت دی دنیا کے آسمان کو					

بِزِينَةٍ ٱلْكَوَاكِبِ ۝٦ وَحِفْظًا مِّن كُلِّ شَيْطَٰنٍ مَّارِدٍ ۝٧ لَّا يَسَّمَّعُونَ

بِزِينَةٍ ٱلْكَوَاكِبِ ۝٦	وَحِفْظًا	مِّن كُلِّ شَيْطَٰنٍ مَّارِدٍ ۝٧	لَّا يَسَّمَّعُونَ
ایک آرائش (یعنی) ستاروں کے ساتھ	اور حفاظت کے لیے	ہر سرکش شیطان سے	تاکہ وہ نہ سن پائیں (باتیں)
ایک آرائش (یعنی) ستاروں کے ساتھ۔ اور حفاظت کی خاطر ہر سرکش شیطان سے۔			

إِلَى ٱلْمَلَإِ ٱلْأَعْلَىٰ وَيُقْذَفُونَ مِن كُلِّ جَانِبٍ ۝٨ دُحُورًا وَلَهُمْ

إِلَى ٱلْمَلَإِ ٱلْأَعْلَىٰ	وَيُقْذَفُونَ	مِن كُلِّ جَانِبٍ ۝٨	دُحُورًا
عالم بالا کی	اور ان پر (شعلے) پھینکے جاتے ہیں	ہر جانب سے	ان کو بھگانے کے لیے
تاکہ وہ عالم بالا کی باتیں نہ سن پائیں اور ان پر ہر جانب سے ان کو بھگانے کے لیے شعلے پھینکے جاتے ہیں			

عَذَابٌ وَاصِبٌ ۝٩ إِلَّا مَنْ خَطِفَ

وَلَهُمْ	عَذَابٌ	وَاصِبٌ ۝٩	إِلَّا	مَنْ	خَطِفَ
اور ان کے لیے ہے	عذاب	ہمیشہ رہنے والا	مگر	جو	اچک لے (شیطان)
اور ان کے لیے ہمیشہ رہنے والا عذاب ہے۔ مگر جو کوئی ایک آدھ بات اُچک لے بھاگے					

ٱلْخَطْفَةَ فَأَتْبَعَهُۥ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝١٠ فَٱسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ

ٱلْخَطْفَةَ	فَأَتْبَعَهُۥ	شِهَابٌ	ثَاقِبٌ ۝١٠	فَٱسْتَفْتِهِمْ	أَهُمْ
جھٹ سے	تو اس کے پیچھے لگتا ہے	ایک شعلہ	چمکتا ہوا	سو آپؐ ان سے پوچھیے	کیا وہ
تو فوراً ہی اس کے پیچھے ایک چمکتا ہوا شعلہ لگتا ہے سو آپؐ ان کافروں سے پوچھیے					

أَشَدُّ خَلۡقًا أَم مَّنۡ خَلَقۡنَآۚ إِنَّا

أَشَدُّ	خَلۡقًا	أَم	مَّنۡ	خَلَقۡنَآۚ	إِنَّا
زیادہ سخت ہیں	پیدائش میں	یا	وہ جنہیں	ہم نے پیدا کیا؟	بیشک ہم نے
کہ کیا ان کی تخلیق زیادہ مشکل ہے یا وہ کچھ جو ہم نے پیدا کیا ہے					

خَلَقۡنَٰهُم مِّن طِينٖ لَّازِبِۭ ١١ بَلۡ عَجِبۡتَ وَيَسۡخَرُونَ ١٢

خَلَقۡنَٰهُم	مِّن طِينٖ لَّازِبِۭ ١١	بَلۡ	عَجِبۡتَ	وَيَسۡخَرُونَ ١٢
ان (انسانوں) کو پیدا کیا	چپکنے والی (لیس دار) مٹی سے	بلکہ	آپؐ نے تعجب کیا	جبکہ وہ مذاق اُڑاتے ہیں
بیشک ہم نے ان انسانوں کو چپکنے والی لیس دار مٹی سے پیدا کیا۔ بلکہ اے نبی ﷺ آپؐ تعجب کرتے ہیں جبکہ وہ مذاق اُڑاتے ہیں				

وَإِذَا ذُكِّرُواْ لَا يَذۡكُرُونَ ١٣ وَإِذَا رَأَوۡاْ ءَايَةٗ

وَإِذَا	ذُكِّرُواْ	لَا يَذۡكُرُونَ ١٣	وَإِذَا	رَأَوۡاْ	ءَايَةٗ
اور جب	انہیں نصیحت کی جائے	تو وہ نصیحت قبول نہیں کرتے	اور جب	وہ دیکھتے ہیں	کوئی نشانی
اور جب انہیں نصیحت کی جائے تو وہ نصیحت قبول نہیں کرتے۔ اور جب وہ کوئی نشانی دیکھتے ہیں					

يَسۡتَسۡخِرُونَ ١٤ وَقَالُوٓاْ إِنۡ هَٰذَآ إِلَّا سِحۡرٞ

يَسۡتَسۡخِرُونَ ١٤	وَقَالُوٓاْ	إِنۡ	هَٰذَآ	إِلَّا	سِحۡرٞ
تو وہ مذاق اُڑاتے ہیں	اور وہ کہتے ہیں	نہیں ہے	یہ	مگر	جادو
تو وہ مذاق اُڑاتے ہیں۔ اور وہ کہتے ہیں نہیں ہے یہ مگر کھلا جادو۔					

مُّبِينٌ ﴿١٥﴾ أَءِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَٰمًا

مُّبِينٌ ﴿١٥﴾	أَءِذَا	مِتْنَا	وَكُنَّا	تُرَابًا	وَعِظَٰمًا
کھلا	کیاجب	ہم مر جائینگے	اور ہم ہو جائینگے	مٹی	اور ہڈیاں
کیاجب ہم مر جائینگے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائینگے					

أَءِنَّا لَمَبْعُوثُونَ ﴿١٦﴾ أَوَ ءَابَآؤُنَا ٱلْأَوَّلُونَ ﴿١٧﴾ قُلْ نَعَمْ

أَءِنَّا	لَمَبْعُوثُونَ ﴿١٦﴾	أَوَ	ءَابَآؤُنَا ٱلْأَوَّلُونَ ﴿١٧﴾	قُلْ	نَعَمْ
تو کیا بیشک ہم	ضرور (دوبارہ) اُٹھائے جائینگے	اور کیا	ہمارے باپ دادا بھی؟	کہہ دیجیے	ہاں!
تو کیا ہمیں دوبارہ اُٹھایا جائے گا اور کیا ہمارے باپ دادا کو بھی؟ کہہ دیجیے ہاں!					

وَأَنتُمْ دَٰخِرُونَ ﴿١٨﴾ فَإِنَّمَا هِىَ زَجْرَةٌ وَٰحِدَةٌ فَإِذَا

وَأَنتُمْ	دَٰخِرُونَ ﴿١٨﴾	فَإِنَّمَا	هِىَ	زَجْرَةٌ وَٰحِدَةٌ	فَإِذَا
اور تم	ذلیل وخوار ہو گے	پھر بیشک	وہ (اٹھانا تو)	ایک ڈانٹ ہی ہو گی	پھر اچانک
(تم اٹھائے بھی جاؤ گے) اور تم ذلیل بھی ہو گے۔ پھر بیشک وہ اٹھانا تو ایک ڈانٹ ہی ہو گی					

هُمْ يَنظُرُونَ ﴿١٩﴾ وَقَالُوا۟ يَٰوَيْلَنَا هَٰذَا يَوْمُ ٱلدِّينِ ﴿٢٠﴾

هُمْ	يَنظُرُونَ ﴿١٩﴾	وَقَالُوا۟	يَٰوَيْلَنَا	هَٰذَا	يَوْمُ ٱلدِّينِ ﴿٢٠﴾
وہ	(زندہ ہو کر) دیکھ رہے ہونگے	اور وہ کہیں گے	ہائے افسوس ہمارے لیے	یہ تو	جزا کا دن ہے
پھر اچانک وہ زندہ ہو کر دیکھ رہے ہونگے۔ اور وہ کہیں گے ہائے افسوس ہمارے لیے یہ تو جزا کا دن ہے۔					

هَٰذَا يَوۡمُ ٱلۡفَصۡلِ ٱلَّذِي كُنتُم بِهِۦ تُكَذِّبُونَ ﴿٢١﴾

هَٰذَا	يَوۡمُ ٱلۡفَصۡلِ	ٱلَّذِي	كُنتُم	بِهِۦ	تُكَذِّبُونَ ﴿٢١﴾
یہی ہے	فیصلے کا دن	وہ جو	تم تھے	اسے	جھٹلاتے
(اس وقت انہیں کہا جائے گا ہاں) یہ وہی فیصلے کا دن ہے جس کو تم لوگ جھٹلایا کرتے تھے۔					

ٱحۡشُرُواْ ٱلَّذِينَ ظَلَمُواْ وَأَزۡوَٰجَهُمۡ وَمَا

ٱحۡشُرُواْ	ٱلَّذِينَ	ظَلَمُواْ	وَأَزۡوَٰجَهُمۡ	وَمَا
(اے فرشتوں!) تم اکٹھا کرو	ان لوگوں کو جنہوں نے	ظلم کیا	اور انکے جوڑوں کو	اور ان کو جن کی
(اے فرشتوں!) تم اکٹھا کرو ان لوگوں کو جنہوں نے ظلم کیا اور انکے جوڑوں کو اور ان کو جن کی وہ عبادت کیا کرتے تھے۔				

كَانُواْ يَعۡبُدُونَ ﴿٢٢﴾ مِن دُونِ ٱللَّهِ فَٱهۡدُوهُمۡ إِلَىٰ صِرَٰطِ ٱلۡجَحِيمِ ﴿٢٣﴾

كَانُواْ يَعۡبُدُونَ ﴿٢٢﴾	مِن دُونِ ٱللَّهِ	فَٱهۡدُوهُمۡ	إِلَىٰ صِرَٰطِ ٱلۡجَحِيمِ ﴿٢٣﴾
وہ عبادت کیا کرتے تھے	اللہ کے سوا	پھر تم ان کو (ہانک) لے جاؤ	جہنم کے راستے کی طرف
اللہ کے سوا پھر تم ان کو جہنم کے راستے کی طرف (ہانک) لے جاؤ۔			

وَقِفُوهُمۡۖ إِنَّهُم مَّسۡـُٔولُونَ ﴿٢٤﴾ مَا لَكُمۡ لَا تَنَاصَرُونَ ﴿٢٥﴾

وَقِفُوهُمۡۖ	إِنَّهُم	مَّسۡـُٔولُونَ ﴿٢٤﴾	مَا لَكُمۡ	لَا تَنَاصَرُونَ ﴿٢٥﴾
اور ابھی تم انہیں ٹھہراؤ	بیشک یہ	پوچھے جانے والے ہیں	کیا ہوا تمھیں	تم ایکدوسرے کی مدد نہیں کرتے
اور ابھی تم انہیں ٹھہراؤ بیشک یہ پوچھے جانے والے ہیں کیا ہوا تمھیں تم ایکدوسرے کی مدد نہیں کرتے۔				

بَلۡ هُمُ ٱلۡيَوۡمَ مُسۡتَسۡلِمُونَ ﴿٢٦﴾ وَأَقۡبَلَ بَعۡضُهُمۡ

بَلۡ	هُمُ	ٱلۡيَوۡمَ	مُسۡتَسۡلِمُونَ ﴿٢٦﴾	وَأَقۡبَلَ	بَعۡضُهُمۡ
بلکہ	وہ	آج	سب مکمل فرمانبردار ہیں	اور متوجہ ہو گا	ان کا بعض
بلکہ وہ آج سب مکمل فرمانبردار ہیں۔					

عَلَىٰ بَعۡضٖ يَتَسَآءَلُونَ ﴿٢٧﴾ قَالُوٓاْ إِنَّكُمۡ كُنتُمۡ تَأۡتُونَنَا

عَلَىٰ بَعۡضٖ	يَتَسَآءَلُونَ ﴿٢٧﴾	قَالُوٓاْ	إِنَّكُمۡ	كُنتُمۡ	تَأۡتُونَنَا
بعض پر	ایک دوسرے سے پوچھیں گے	کہیں گے	بیشک تم	تو تھے	ہمارے پاس آتے
پھر وہ ایکدوسرے کی طرف رخ کر کے پوچھیں گے۔ کہیں گے کہ تم ہی تو آیا کرتے تھے ہمارے پاس بڑے دبدبے کے ساتھ!					

عَنِ ٱلۡيَمِينِ ﴿٢٨﴾ قَالُواْ بَل لَّمۡ تَكُونُواْ مُؤۡمِنِينَ ﴿٢٩﴾ وَمَا كَانَ

عَنِ ٱلۡيَمِينِ ﴿٢٨﴾	قَالُواْ	بَل	لَّمۡ تَكُونُواْ	مُؤۡمِنِينَ ﴿٢٩﴾	وَمَا كَانَ
دائیں طرف سے	وہ کہیں گے	بلکہ	تم نہیں تھے	(خود ہی) ایمان لانے والے	اور نہیں تھا
وہ کہیں گے بلکہ تم خود ہی ایمان لانے والے نہیں تھے۔					

لَنَا عَلَيۡكُم مِّن سُلۡطَٰنٖۖ بَلۡ كُنتُمۡ قَوۡمٗا

لَنَا	عَلَيۡكُم	مِّن سُلۡطَٰنٖۖ	بَلۡ	كُنتُمۡ	قَوۡمٗا
ہمارا	تم پر	کوئی زور	بلکہ	تمھیں تھے	لوگ
اور ہمارا تم پر کوئی زور نہیں تھا بلکہ تم سرکشی کرنے والے لوگ تھے۔					

طَٰغِينَ ﴿٣٠﴾ فَحَقَّ عَلَيۡنَا قَوۡلُ رَبِّنَآۖ إِنَّا

طَٰغِينَ ﴿٣٠﴾	فَحَقَّ	عَلَيۡنَا	قَوۡلُ	رَبِّنَآۖ	إِنَّا
سرکشی کرنے والے	اب ثابت ہوگئی	ہم(سب)پر	بات	ہمارے رب کی	بیشک ہم(سب ہی)
اب تو ہم سب پر ہمارے رب کی یہ بات ثابت ہوچکی کہ ہم عذاب چکھنے والے ہیں۔					

لَذَآئِقُونَ ﴿٣١﴾ فَأَغۡوَيۡنَٰكُمۡ إِنَّا كُنَّا غَٰوِينَ ﴿٣٢﴾ فَإِنَّهُمۡ

لَذَآئِقُونَ ﴿٣١﴾	فَأَغۡوَيۡنَٰكُمۡ	إِنَّا كُنَّا	غَٰوِينَ ﴿٣٢﴾	فَإِنَّهُمۡ
یقیناً چکھنے والے ہیں(عذاب)	اور ہم نے تمھیں گمراہ کیا	کیونکہ بیشک ہم خود بھی تھے	گمراہ	سو بیشک وہ
اور ہم نے تمھیں گمراہ کیا کیونکہ ہم خود بھی گمراہ تھے۔				

يَوۡمَئِذٖ فِي ٱلۡعَذَابِ مُشۡتَرِكُونَ ﴿٣٣﴾ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَفۡعَلُ

يَوۡمَئِذٖ	فِي ٱلۡعَذَابِ	مُشۡتَرِكُونَ ﴿٣٣﴾	إِنَّا	كَذَٰلِكَ	نَفۡعَلُ
اس دن	عذاب میں	باہم شریک ہونگے	بیشک ہم	اسی طرح	کرتے ہیں
تو اس دن وہ سب کے سب عذاب میں شریک ہونگے۔ بیشک ہم اسی طرح مجرموں کے ساتھ کرتے ہیں۔					

بِٱلۡمُجۡرِمِينَ ﴿٣٤﴾ إِنَّهُمۡ كَانُوٓاْ إِذَا قِيلَ لَهُمۡ

بِٱلۡمُجۡرِمِينَ ﴿٣٤﴾	إِنَّهُمۡ	كَانُوٓاْ	إِذَا	قِيلَ	لَهُمۡ
مجرموں کے ساتھ	بیشک وہ	تھے	جب	کہا جاتا	ان سے
ان کا معاملہ یہ تھا کہ جب ان سے کہا جاتا تھا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں					

لَآ إِلَٰهَ إِلَّا ٱللَّهُ يَسۡتَكۡبِرُونَ ۝٣٥ وَيَقُولُونَ أَئِنَّا

لَآ	إِلَٰهَ	إِلَّا ٱللَّهُ	يَسۡتَكۡبِرُونَ ۝٣٥	وَيَقُولُونَ	أَئِنَّا
کہ نہیں ہے	کوئی معبود	اللہ کے سوا	تو وہ تکبر کرتے	اور وہ کہتے	کیا بیشک ہم
تو وہ تکبر کرتے تھے۔ اور کہتے					

لَتَارِكُوٓاْ ءَالِهَتِنَا لِشَاعِرٖ مَّجۡنُونِۭ ۝٣٦ بَلۡ جَآءَ بِٱلۡحَقِّ

لَتَارِكُوٓاْ	ءَالِهَتِنَا	لِشَاعِرٖ مَّجۡنُونِۭ ۝٣٦	بَلۡ	جَآءَ	بِٱلۡحَقِّ
واقعی چھوڑ دینے والے ہیں	اپنے معبودوں کو	ایک دیوانے شاعر کی خاطر؟	بلکہ	وہ تو آیا ہے	حق کے ساتھ
کیا واقعی ہم اپنے معبودوں کو ایک دیوانے شاعر کی خاطر چھوڑ دینے والے ہیں؟ بلکہ وہ تو حق کے ساتھ آیا ہے					

وَصَدَّقَ ٱلۡمُرۡسَلِينَ ۝٣٧ إِنَّكُمۡ لَذَآئِقُواْ ٱلۡعَذَابِ ٱلۡأَلِيمِ ۝٣٨

وَصَدَّقَ	ٱلۡمُرۡسَلِينَ ۝٣٧	إِنَّكُمۡ	لَذَآئِقُواْ	ٱلۡعَذَابِ	ٱلۡأَلِيمِ ۝٣٨
اور اس نے تصدیق کی	سب رسولوں کی	بیشک تم (اب)	ضرور چکھو گے	عذاب	بہت دردناک
اور اس نے سب رسولوں کی تصدیق کی۔ اب تمھیں یقیناً دردناک عذاب کا مزہ چکھنا ہو گا۔					

وَمَا تُجۡزَوۡنَ إِلَّا مَا كُنتُمۡ تَعۡمَلُونَ ۝٣٩ إِلَّا عِبَادَ ٱللَّهِ

وَمَا تُجۡزَوۡنَ	إِلَّا	مَا كُنتُمۡ تَعۡمَلُونَ ۝٣٩	إِلَّا	عِبَادَ ٱللَّهِ
اور تمھیں بدلہ نہیں دیا جائے گا	مگر	اسی کا جو تم عمل کیا کرتے تھے	لیکن	اللہ کے بندے
اور تمھیں تمھارے اعمال کا بدلہ دیا جائے گا۔ سوائے اللہ کے مخلص بندوں کے۔				

ٱلۡمُخۡلَصِينَ ۝٤٠ أُوْلَٰٓئِكَ لَهُمۡ رِزۡقٞ مَّعۡلُومٞ ۝٤١ فَوَٰكِهُ

ٱلۡمُخۡلَصِينَ ۝٤٠	أُوْلَٰٓئِكَ	لَهُمۡ	رِزۡقٞ	مَّعۡلُومٞ ۝٤١	فَوَٰكِهُ
چنے ہوئے (اس عذاب سے محفوظ رہینگے)	یہی لوگ	ان کے لیے ہے	رزق	معلوم	میوے ہیں (جنت میں)
یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے طے شدہ رزق ہے۔ میوے ہیں (جنت میں)					

وَهُم مُّكۡرَمُونَ ۝٤٢ فِي جَنَّٰتِ ٱلنَّعِيمِ ۝٤٣ عَلَىٰ سُرُرٖ مُّتَقَٰبِلِينَ ۝٤٤ يُطَافُ

وَهُم	مُّكۡرَمُونَ ۝٤٢	فِي جَنَّٰتِ ٱلنَّعِيمِ ۝٤٣	عَلَىٰ سُرُرٖ	مُّتَقَٰبِلِينَ ۝٤٤	يُطَافُ
اور وہ	معزز ہونگے	نعمت کے باغوں میں	تختوں پر	ایکدوسرے کے سامنے	پھرایا جائے گا
اور وہ معزز ہونگے۔ نعمت کے باغوں میں۔ تختوں پر ایکدوسرے کے سامنے بیٹھے ہونگے					

عَلَيۡهِم بِكَأۡسٖ مِّن مَّعِينِۭ ۝٤٥ بَيۡضَآءَ لَذَّةٖ لِّلشَّٰرِبِينَ ۝٤٦

عَلَيۡهِم	بِكَأۡسٖ	مِّن مَّعِينِۭ ۝٤٥	بَيۡضَآءَ	لَذَّةٖ	لِّلشَّٰرِبِينَ ۝٤٦
ان پر (شراب کا)	بھرا جام	جاری چشمے سے	جو سفید	لذت والی ہوگی	پینے والوں کے لیے
گردش کررہے ہونگے ان پر (خدام) نفیس شراب کے پیالوں کے ساتھ۔ جو سفید لذت والی ہوگی پینے والوں کے لیے۔					

لَا فِيهَا غَوۡلٞ وَلَا هُمۡ عَنۡهَا يُنزَفُونَ ۝٤٧

لَا فِيهَا	غَوۡلٞ	وَلَا	هُمۡ	عَنۡهَا	يُنزَفُونَ ۝٤٧
اس میں اس سے نہیں ہوگا	سر کا چکرانا	اور نہ	وہ	اس سے	مدہوش ہونگے
اس سے ان کے سر نہیں چکرائینگے اور نہ وہ مدہوش ہونگے۔					

وَعِندَهُمۡ قَٰصِرَٰتُ ٱلطَّرۡفِ عِينٌ ٤٨ كَأَنَّهُنَّ بَيۡضٞ

وَعِندَهُمۡ	قَٰصِرَٰتُ ٱلطَّرۡفِ	عِينٌ ٤٨	كَأَنَّهُنَّ	بَيۡضٞ
اور ان کے پاس ہونگی	نیچی نگاہ رکھنے والی	موٹی موٹی آنکھوں والی	گویا کہ وہ	(شتر مرغ کے) انڈے ہیں
اور ان کے پاس موٹی موٹی آنکھوں والی نیچی نگاہ رکھنے والی (بیویاں) ہونگی۔				

مَّكۡنُونٞ ٤٩ فَأَقۡبَلَ بَعۡضُهُمۡ عَلَىٰ بَعۡضٖ يَتَسَآءَلُونَ ٥٠ قَالَ

مَّكۡنُونٞ ٤٩	فَأَقۡبَلَ	بَعۡضُهُمۡ	عَلَىٰ بَعۡضٖ	يَتَسَآءَلُونَ ٥٠	قَالَ
پردے میں چھپا رکھے ہیں	پھر متوجہ ہو گا	بعض ان کا	بعض پر	ایکدوسرے سے پوچھیں گے	کہے گا
گویا کہ وہ شتر مرغ کے انڈے پردے میں چھپا رکھے ہیں۔ پھر وہ ایکدوسرے کی طرف رخ کر کے سوال کرینگے					

قَآئِلٞ مِّنۡهُمۡ إِنِّي كَانَ لِي قَرِينٞ ٥١

قَآئِلٞ	مِّنۡهُمۡ	إِنِّي	كَانَ	لِي	قَرِينٞ ٥١
ایک کہنے والا	ان میں سے	بیشک میں	تھا	میرا	ایک ہم نشین (ساتھی)
ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا کہ میرا ایک ساتھی ہوا کرتا تھا۔					

يَقُولُ أَئِنَّكَ لَمِنَ ٱلۡمُصَدِّقِينَ ٥٢ أَءِذَا مِتۡنَا

يَقُولُ	أَئِنَّكَ	لَمِنَ ٱلۡمُصَدِّقِينَ ٥٢	أَءِذَا	مِتۡنَا
وہ کہتا تھا	کیا بیشک تو ہے	واقعی تصدیق کرنے والوں میں سے (اس بات کی کہ)	کیا جب	ہم مر جائینگے
وہ کہتا تھا کہ کیا تم بھی تصدیق کرنے والوں میں سے ہو۔ کیا جب ہم مر جائینگے				

وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَٰمًا أَءِنَّا لَمَدِينُونَ ﴿٥٣﴾ قَالَ

وَكُنَّا	تُرَابًا	وَعِظَٰمًا	أَءِنَّا	لَمَدِينُونَ ﴿٥٣﴾	قَالَ
اور ہم ہو جائینگے	مٹی	اور ہڈیاں	کیا بیشک ہم	یقیناً بدلہ دیئے جائینگے	وہ کہے گا
مٹی اور ہڈیاں بن کر رہ جائینگے تو کیا ہمیں (زندہ کر کے) بدلہ دیا جائے گا؟ وہ کہے گا					

هَلۡ أَنتُم مُّطَّلِعُونَ ﴿٥٤﴾ فَٱطَّلَعَ فَرَءَاهُ فِي سَوَآءِ ٱلۡجَحِيمِ ﴿٥٥﴾

هَلۡ	أَنتُم	مُّطَّلِعُونَ ﴿٥٤﴾	فَٱطَّلَعَ	فَرَءَاهُ	فِي سَوَآءِ ٱلۡجَحِيمِ ﴿٥٥﴾
کیا	تم	(جہنم میں) جھانک کر دیکھو گے؟	پھر وہ جھانکے گا	تو اسے دیکھے گا	جہنم کے درمیان
کیا تم (جہنم میں) جھانک کر دیکھو گے؟ پھر وہ جھانکے گا تو اسے جہنم کے درمیان دیکھے گا					

قَالَ تَٱللَّهِ إِن كِدتَّ لَتُرۡدِينِ ﴿٥٦﴾ وَلَوۡلَا

قَالَ	تَٱللَّهِ	إِن	كِدتَّ	لَتُرۡدِينِ ﴿٥٦﴾	وَلَوۡلَا
وہ کہے گا	اللہ کی قسم!	بیشک	قریب تھا کہ	تو مجھے ہلاک کر دیتا	اور اگر نہ ہوتا
وہ کہے گا اللہ کی قسم! تم تو قریب تھے کہ مجھے بھی برباد کر دیتے!					

نِعۡمَةُ رَبِّي لَكُنتُ مِنَ ٱلۡمُحۡضَرِينَ ﴿٥٧﴾ أَفَمَا نَحۡنُ بِمَيِّتِينَ ﴿٥٨﴾

نِعۡمَةُ	رَبِّي	لَكُنتُ	مِنَ ٱلۡمُحۡضَرِينَ ﴿٥٧﴾	أَفَمَا نَحۡنُ	بِمَيِّتِينَ ﴿٥٨﴾
فضل	میرے رب کا	تو یقیناً میں بھی ہوتا	(جہنم میں) حاضر کیے ہوئے لوگوں میں	تو کیا ہم نہیں	اب مرنے والے
اور اگر میرے رب کا فضل نہ ہوتا تو یقیناً میں بھی (جہنم میں) حاضر کیے ہوئے لوگوں میں ہوتا۔ تو کیا ہم اب مرنے والے نہیں!					

إِلَّا مَوۡتَتَنَا ٱلۡأُولَىٰ وَمَا نَحۡنُ بِمُعَذَّبِينَ ۝٥٩ إِنَّ

إِلَّا	مَوۡتَتَنَا	ٱلۡأُولَىٰ	وَمَا نَحۡنُ	بِمُعَذَّبِينَ ۝٥٩	إِنَّ
مگر	ہمارے مرنے کے	پہلی بار	اور نہ ہم	عذاب ہی دیئے جائینگے	بیشک
سوائے ہماری اُس پہلی موت کے اور اب ہمیں کوئی عذاب بھی نہیں دیا جائے گا۔					

هَٰذَا لَهُوَ ٱلۡفَوۡزُ ٱلۡعَظِيمُ ۝٦٠ لِمِثۡلِ هَٰذَا فَلۡيَعۡمَلِ

هَٰذَا	لَهُوَ	ٱلۡفَوۡزُ	ٱلۡعَظِيمُ ۝٦٠	لِمِثۡلِ هَٰذَا	فَلۡيَعۡمَلِ
یہ	یقیناً یہی ہے	کامیابی	بہت بڑی	ایسی ہی (کامیابی) کے لیے	اب چاہیے کہ عمل کریں
یقیناً یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔ ایسی ہی کامیابی کے لیے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہیے۔					

ٱلۡعَٰمِلُونَ ۝٦١ أَذَٰلِكَ خَيۡرٞ نُّزُلًا أَمۡ شَجَرَةُ

ٱلۡعَٰمِلُونَ ۝٦١	أَذَٰلِكَ	خَيۡرٞ	نُّزُلًا	أَمۡ	شَجَرَةُ
عمل کرنے والے	کیا یہ	بہتر ہے	مہمانی کے طور پر	یا	درخت
کیا یہ مہمانی کے طور پر بہتر ہے یا زقوم کا درخت؟					

ٱلزَّقُّومِ ۝٦٢ إِنَّا جَعَلۡنَٰهَا فِتۡنَةٗ لِّلظَّٰلِمِينَ ۝٦٣ إِنَّهَا

ٱلزَّقُّومِ ۝٦٢	إِنَّا	جَعَلۡنَٰهَا	فِتۡنَةٗ	لِّلظَّٰلِمِينَ ۝٦٣	إِنَّهَا
تھور کا؟	بیشک ہم نے	اسے بنایا ہے	آزمائش	ظالموں کے لیے	بیشک وہ
بیشک ہم نے اسے ظالموں کے لیے آزمائش بنایا ہے۔					

شَجَرَةٌ تَخۡرُجُ فِيٓ أَصۡلِ ٱلۡجَحِيمِ ٦٤ طَلۡعُهَا كَأَنَّهُۥ رُءُوسُ

شَجَرَةٌ	تَخۡرُجُ	فِيٓ أَصۡلِ ٱلۡجَحِيمِ ٦٤	طَلۡعُهَا	كَأَنَّهُۥ	رُءُوسُ
ایک درخت ہے	جو نکلتا (اگتا) ہے	دوزخ کی گہرائی میں	اس کے خوشے	گویا کہ وہ	سر ہیں
بیشک وہ ایک درخت ہے جو دوزخ کی گہرائی سے نکلتا (اگتا) ہے۔ اس کے خوشے گویا کہ وہ شیطانوں کے سر ہیں۔					

ٱلشَّيَٰطِينِ ٦٥ فَإِنَّهُمۡ لَأٓكِلُونَ مِنۡهَا فَمَالِـُٔونَ مِنۡهَا

ٱلشَّيَٰطِينِ ٦٥	فَإِنَّهُمۡ	لَأٓكِلُونَ	مِنۡهَا	فَمَالِـُٔونَ	مِنۡهَا
شیطانوں کے	اور بیشک وہ	ضرور کھائینگے	اس میں سے	پھر بھر لیں گے	اس سے
اور بیشک وہ اس میں سے ضرور کھائینگے پھر اس سے اپنے پیٹ بھر لیں گے۔					

ٱلۡبُطُونَ ٦٦ ثُمَّ إِنَّ لَهُمۡ عَلَيۡهَا لَشَوۡبَا

ٱلۡبُطُونَ ٦٦	ثُمَّ	إِنَّ	لَهُمۡ	عَلَيۡهَا	لَشَوۡبَا
اپنے پیٹ	پھر	بیشک	ان کے لیے	اس کے اوپر	یقیناً ملاوٹ ہو گی
پھر اس پر گرم کھولتے ہوئے پانی کی ملاوٹ ہو گی۔					

مِّنۡ حَمِيمٖ ٦٧ ثُمَّ إِنَّ مَرۡجِعَهُمۡ لَإِلَى ٱلۡجَحِيمِ ٦٨ إِنَّهُمۡ

مِّنۡ حَمِيمٖ ٦٧	ثُمَّ	إِنَّ	مَرۡجِعَهُمۡ	لَإِلَى ٱلۡجَحِيمِ ٦٨	إِنَّهُمۡ
گرم کھولتے ہوئے پانی کی	پھر	بیشک	ان کا لوٹنا ہو گا	یقیناً جہنم کی طرف	بیشک
پھر ان سب کا لوٹنا جہنم کی طرف ہو گا۔					

أَلۡفَوۡاْ ءَابَآءَهُمۡ ضَآلِّينَ ٦٩ فَهُمۡ عَلَىٰٓ ءَاثَٰرِهِمۡ يُهۡرَعُونَ ٧٠

أَلۡفَوۡاْ	ءَابَآءَهُمۡ	ضَآلِّينَ ٦٩	فَهُمۡ	عَلَىٰٓ ءَاثَٰرِهِمۡ	يُهۡرَعُونَ ٧٠
انہوں نے پایا	اپنے باپ دادا کو	گمراہ	اور وہ	ان کے قدموں کے نشانات پر	دوڑے جاتے ہیں
یقیناً انہوں نے اپنے باپ دادا کو گمراہ پایا اور وہ ان کے نقش قدم پر دوڑے جاتے ہیں۔					

وَلَقَدۡ ضَلَّ قَبۡلَهُمۡ أَكۡثَرُ ٱلۡأَوَّلِينَ ٧١ وَلَقَدۡ

وَلَقَدۡ	ضَلَّ	قَبۡلَهُمۡ	أَكۡثَرُ	ٱلۡأَوَّلِينَ ٧١	وَلَقَدۡ
اور یقیناً	گمراہ ہوئے	ان سے پہلے	بہت سے	اگلے لوگ	اور یقیناً
اُن سے پہلے لوگوں کی بھی اکثریت گمراہ تھی۔					

أَرۡسَلۡنَا فِيهِم مُّنذِرِينَ ٧٢ فَٱنظُرۡ كَيۡفَ كَانَ

أَرۡسَلۡنَا	فِيهِم	مُّنذِرِينَ ٧٢	فَٱنظُرۡ	كَيۡفَ	كَانَ
ہم نے بھیجے	ان میں	ڈرانے والے	پھر آپ دیکھیے	کیسا	ہوا
اور یقیناً ہم نے ان میں ڈرانے والے بھیجے پھر آپ دیکھیے کیسا ہوا انجام					

عَٰقِبَةُ ٱلۡمُنذَرِينَ ٧٣ إِلَّا عِبَادَ ٱللَّهِ ٱلۡمُخۡلَصِينَ ٧٤ وَلَقَدۡ

عَٰقِبَةُ	ٱلۡمُنذَرِينَ ٧٣	إِلَّا	عِبَادَ ٱللَّهِ	ٱلۡمُخۡلَصِينَ ٧٤	وَلَقَدۡ
انجام	ان کا جنہیں ڈرایا گیا	سوائے	اللہ کے بندوں کے	جو خالص (چنے) ہوئے ہیں	اور یقیناً
ان کا جنہیں ڈرایا گیا۔ سوائے اللہ کے خاص بندوں کے۔					

نَادَىٰنَا نُوحٌ فَلَنِعۡمَ ٱلۡمُجِيبُونَ ﴿٧٥﴾ وَنَجَّيۡنَٰهُ وَأَهۡلَهُۥ

نَادَىٰنَا	نُوحٌ	فَلَنِعۡمَ	ٱلۡمُجِيبُونَ ﴿٧٥﴾	وَنَجَّيۡنَٰهُ	وَأَهۡلَهُۥ
ہمیں پکارا	نوح نے	تو یقیناً ہم خوب	قبول کرنے والے ہیں (فریاد کو)	اور ہم نے اسے نجات دی	اور اس کے اہل کو
اور نوح نے ہمیں پکارا تو ہم خوب دعا قبول کرنے والے ہیں۔ اور ہم نے اسے اور اس کے گھر والوں کو کرب عظیم سے نجات دی					

مِنَ ٱلۡكَرۡبِ ٱلۡعَظِيمِ ﴿٧٦﴾ وَجَعَلۡنَا ذُرِّيَّتَهُۥ هُمُ ٱلۡبَاقِينَ ﴿٧٧﴾ وَتَرَكۡنَا

مِنَ ٱلۡكَرۡبِ ٱلۡعَظِيمِ ﴿٧٦﴾	وَجَعَلۡنَا	ذُرِّيَّتَهُۥ	هُمُ	ٱلۡبَاقِينَ ﴿٧٧﴾	وَتَرَكۡنَا
بہت بڑی پریشانی سے	اور ہم نے کر دیا	اس کی اولاد کو	انہی کو	باقی رہنے والے	اور ہم نے چھوڑا
اور ہم نے اس کی اولاد کو ہی باقی رہنے والا بنا دیا۔ اور ہم نے اسی (کے طریقے) پر بعد میں آنے والوں میں سے بھی					

عَلَيۡهِ فِي ٱلۡأٓخِرِينَ ﴿٧٨﴾ سَلَٰمٌ عَلَىٰ نُوحٖ فِي ٱلۡعَٰلَمِينَ ﴿٧٩﴾ إِنَّا كَذَٰلِكَ

عَلَيۡهِ	فِي ٱلۡأٓخِرِينَ ﴿٧٨﴾	سَلَٰمٌ عَلَىٰ نُوحٖ	فِي ٱلۡعَٰلَمِينَ ﴿٧٩﴾	إِنَّا	كَذَٰلِكَ
اس پر	پیچھے آنے والوں میں	(یہ کہنا کہ) سلام ہو نوح پر	جہانوں میں	بیشک ہم	اسی طرح
(کچھ لوگوں کو) چھوڑا۔ (یہ کہنا کہ) سلام ہو نوح پر تمام جہانوں میں۔					

نَجۡزِي ٱلۡمُحۡسِنِينَ ﴿٨٠﴾ إِنَّهُۥ مِنۡ عِبَادِنَا ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ﴿٨١﴾ ثُمَّ أَغۡرَقۡنَا

نَجۡزِي	ٱلۡمُحۡسِنِينَ ﴿٨٠﴾	إِنَّهُۥ	مِنۡ عِبَادِنَا ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ﴿٨١﴾	ثُمَّ	أَغۡرَقۡنَا
بدلہ دیتے ہیں	نیکی کرنے والوں کو	بیشک وہ تھا	ہمارے مومن بندوں میں سے	پھر	ہم نے غرق کر دیا
بیشک ہم اسی طرح نیکی کرنے والوں کو بدلہ دیتے ہیں۔ بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا					

ٱلۡأٓخَرِينَ ﴿٨٢﴾ وَإِنَّ مِن شِيعَتِهِۦ لَإِبۡرَٰهِيمَ ﴿٨٣﴾ إِذۡ جَآءَ

ٱلۡأٓخَرِينَ ﴿٨٢﴾	وَإِنَّ	مِن شِيعَتِهِۦ	لَإِبۡرَٰهِيمَ ﴿٨٣﴾	إِذۡ	جَآءَ
دوسروں کو	اور بیشک	اسی (نوح) کے گروہ سے	یقیناً ابراہیم تھا	جب	وہ آیا
پھر ہم نے باقی سب کو غرق کر دیا۔ اور اُسی کی جماعت میں سے ابراہیم بھی تھا۔					

رَبَّهُۥ بِقَلۡبٖ سَلِيمٍ ﴿٨٤﴾ إِذۡ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوۡمِهِۦ

رَبَّهُۥ	بِقَلۡبٖ سَلِيمٍ ﴿٨٤﴾	إِذۡ	قَالَ	لِأَبِيهِ	وَقَوۡمِهِۦ
اپنے رب کے پاس	پاک صاف دل کے ساتھ	جب	اس نے کہا	اپنے باپ سے	اور اپنی قوم سے
جب وہ اپنے رب کے پاس پاک صاف دل کے ساتھ آئے۔ جب کہ اس نے اپنے والد اور اپنی قوم سے کہا					

مَاذَا تَعۡبُدُونَ ﴿٨٥﴾ أَئِفۡكًا ءَالِهَةٗ دُونَ ٱللَّهِ تُرِيدُونَ ﴿٨٦﴾

مَاذَا	تَعۡبُدُونَ ﴿٨٥﴾	أَئِفۡكًا	ءَالِهَةٗ	دُونَ ٱللَّهِ	تُرِيدُونَ ﴿٨٦﴾
کس چیز کی	تم عبادت کرتے ہو؟	کیا جھوٹے گھڑے ہوئے	معبودوں کو	اللہ کے سوا	تم چاہتے ہو؟
کہ کس چیز کی تم عبادت کرتے ہو؟ کیا جھوٹے گھڑے ہوئے معبودوں کو تم اللہ کے سوا چاہتے ہو؟					

فَمَا ظَنُّكُم بِرَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ ﴿٨٧﴾ فَنَظَرَ نَظۡرَةٗ فِي ٱلنُّجُومِ ﴿٨٨﴾

فَمَا	ظَنُّكُم	بِرَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ ﴿٨٧﴾	فَنَظَرَ	نَظۡرَةٗ	فِي ٱلنُّجُومِ ﴿٨٨﴾
پھر کیا	خیال ہے تمھارا	رب العالمین کی نسبت؟	پھر اس نے دیکھا	ایک نظر دیکھنا	ستاروں کی طرف
پھر کیا خیال ہے تمھارا رب العالمین کے بارے میں؟ پھر اس نے ایک نظر ستاروں پر ڈالی۔					

فَقَالَ إِنِّي سَقِيمٌ ﴿٨٩﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِينَ ﴿٩٠﴾

فَقَالَ	إِنِّي	سَقِيمٌ ﴿٨٩﴾	فَتَوَلَّوْا	عَنْهُ	مُدْبِرِينَ ﴿٩٠﴾
پھر کہا	بیشک میں	بیمار ہوں	چنانچہ وہ واپس چلے گئے	اس سے	منہ پھیرتے ہوئے
پھر کہا کہ میں تو بیمار ہوں۔ چنانچہ وہ ابرہیم سے منہ پھیرتے ہوئے واپس چلے گئے ۔					

فَرَاغَ إِلَىٰ آلِهَتِهِمْ فَقَالَ أَلَا تَأْكُلُونَ ﴿٩١﴾ مَا لَكُمْ

فَرَاغَ	إِلَىٰ آلِهَتِهِمْ	فَقَالَ	أَلَا تَأْكُلُونَ ﴿٩١﴾	مَا	لَكُمْ
تو وہ متوجہ ہوئے	ان کے معبودوں کی طرف	تو اس نے کہا	کیا تم کھاتے نہیں؟	کیا ہے	تمھیں
تو ابرہیم ان کے معبودوں کی طرف متوجہ ہوئے اور کہنے لگے تم کھاتے کیوں نہیں؟ کیا ہے تمھیں					

لَا تَنطِقُونَ ﴿٩٢﴾ فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِينِ ﴿٩٣﴾ فَأَقْبَلُوا

لَا تَنطِقُونَ ﴿٩٢﴾	فَرَاغَ	عَلَيْهِمْ	ضَرْبًا	بِالْيَمِينِ ﴿٩٣﴾	فَأَقْبَلُوا
تم بولتے نہیں؟	پھر متوجہ ہوا	ان پر	مارتا ہوا	دائیں ہاتھ سے	پھر وہ آئے
تم بولتے نہیں؟ پھر متوجہ ہوئے ان پر دائیں ہاتھ سے مارتے ہوئے۔					

إِلَيْهِ يَزِفُّونَ ﴿٩٤﴾ قَالَ أَتَعْبُدُونَ مَا تَنْحِتُونَ ﴿٩٥﴾

إِلَيْهِ	يَزِفُّونَ ﴿٩٤﴾	قَالَ	أَتَعْبُدُونَ	مَا	تَنْحِتُونَ ﴿٩٥﴾
اس کی طرف	دوڑتے ہوئے	اس نے کہا	کیا تم عبادت کرتے ہو	ان کی جنہیں	تم خود تراشتے ہو؟
پھر وہ اس کی طرف دوڑتے ہوئے آئے اور کہنے لگے کیا تم عبادت کرتے ہو ان کی جنہیں تم خود تراشتے ہو؟					

وَٱللَّهُ خَلَقَكُمۡ وَمَا تَعۡمَلُونَ ٩٦ قَالُواْ ٱبۡنُواْ لَهُۥ

لَهُۥ	ٱبۡنُواْ	قَالُواْ	وَمَا تَعۡمَلُونَ ٩٦	خَلَقَكُمۡ	وَٱللَّهُ
اس کے لیے	تم بناؤ	انہوں نے کہا	اور اسے بھی جو تم کرتے ہو	تمھیں پیدا کیا	جبکہ اللہ ہی نے

حالانکہ اللہ ہی نے تمھیں اور تمھاری بنائی ہوئی چیزوں کو پیدا کیا ہے۔ انہوں نے کہا تم اس کے لیے ایک عمارت بناؤ

بُنۡيَٰنٗا فَأَلۡقُوهُ فِي ٱلۡجَحِيمِ ٩٧ فَأَرَادُواْ بِهِۦ كَيۡدٗا

بِهِۦ	فَأَرَادُواْ	فِي ٱلۡجَحِيمِ ٩٧	فَأَلۡقُوهُ	بُنۡيَٰنٗا
اس کے ساتھ	چنانچہ انہوں نے ارادہ کیا	دہکتی آگ میں	(اس میں آگ جلاؤ) پھر اس کو ڈال دو	ایک عمارت

(اس میں آگ جلاؤ) پھر اس کو دہکتی آگ میں ڈال دو۔ چنانچہ انہوں نے اس کے ساتھ ایک چال چلنے کا ارادہ کیا

كَيۡدٗا فَجَعَلۡنَٰهُمُ ٱلۡأَسۡفَلِينَ ٩٨ وَقَالَ إِنِّي ذَاهِبٌ

ذَاهِبٌ	إِنِّي	وَقَالَ	ٱلۡأَسۡفَلِينَ ٩٨	فَجَعَلۡنَٰهُمُ	كَيۡدٗا
جانے والا ہوں	بیشک میں	اور اس نے کہا	سب سے نیچا	تو ہم نے انہی کو کر دیا	ایک چال چلنے کا

تو ہم نے انہی کو سب سے نیچا کر دیا۔ اور ابراہیم نے کہا بیشک میں اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں

إِلَىٰ رَبِّي سَيَهۡدِينِ ٩٩ رَبِّ هَبۡ لِي مِنَ ٱلصَّٰلِحِينَ ١٠٠

مِنَ ٱلصَّٰلِحِينَ ١٠٠	هَبۡ لِي	رَبِّ	سَيَهۡدِينِ ٩٩	إِلَىٰ رَبِّي
نیکوں میں سے	تو مجھے (لڑکا) عطا کر	اے میرے رب!	وہ ضرور میری رہنمائی کرے گا	اپنے رب کی طرف

وہ ضرور میری رہنمائی کرے گا۔ اے میرے رب! تو مجھے ایک صالح بیٹا عطا کر۔

فَبَشَّرۡنَٰهُ بِغُلَٰمٍ حَلِيمٖ ١٠١ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ ٱلسَّعۡيَ

فَبَشَّرۡنَٰهُ	بِغُلَٰمٍ حَلِيمٖ ١٠١	فَلَمَّا	بَلَغَ	مَعَهُ	ٱلسَّعۡيَ
تو ہم نے اسے خوشخبری دی	ایک بُردبار لڑکے کی	چنانچہ جب	وہ (لڑکا) پہنچ گیا	اس کے ساتھ	بھاگ دوڑ (کی عمر) کو
تو ہم نے اسے ایک بُردبار لڑکے کی خوشخبری دی۔ پھر جب وہ پہنچا اس کے ساتھ بھاگ دوڑ کرنے کی عمر کو					

قَالَ يَٰبُنَيَّ إِنِّيٓ أَرَىٰ فِي ٱلۡمَنَامِ أَنِّيٓ

قَالَ	يَٰبُنَيَّ	إِنِّيٓ	أَرَىٰ	فِي ٱلۡمَنَامِ	أَنِّيٓ
تو اس (ابراہیم) نے کہا	اے میرے بیٹے!	بیشک میں	دیکھتا ہوں	خواب میں	کہ بیشک میں
تو ابراہیم نے کہا اے میرے بیٹے! بیشک میں خواب میں دیکھتا ہوں					

أَذۡبَحُكَ فَٱنظُرۡ مَاذَا تَرَىٰۚ قَالَ يَٰٓأَبَتِ ٱفۡعَلۡ

أَذۡبَحُكَ	فَٱنظُرۡ	مَاذَا تَرَىٰۚ	قَالَ	يَٰٓأَبَتِ	ٱفۡعَلۡ
تجھے ذبح کر رہا ہوں	اب تو دیکھ	تیری رائے کیا ہے	اس (بیٹے) نے کہا	اے ابا جان!	آپؑ کر گزریے
کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں اب تو دیکھ تیری رائے کیا ہے اس (بیٹے) نے کہا اے ابا جان! آپؑ کر گزریے					

مَا تُؤۡمَرُۖ سَتَجِدُنِيٓ إِن شَآءَ ٱللَّهُ مِنَ ٱلصَّٰبِرِينَ ١٠٢

مَا	تُؤۡمَرُۖ	سَتَجِدُنِيٓ	إِن	شَآءَ ٱللَّهُ	مِنَ ٱلصَّٰبِرِينَ ١٠٢
جو	آپؑ کو حکم دیا جاتا ہے	یقیناً آپ مجھے پائینگے	اگر	اللہ نے چاہا	صبر کرنے والوں میں سے
جو آپؑ کو حکم دیا جاتا ہے اللہ نے چاہا تو آپ مجھے صبر کرنے والوں میں پائینگے۔					

فَلَمَّآ أَسۡلَمَا وَتَلَّهُۥ لِلۡجَبِينِ ١٠٣ وَنَٰدَيۡنَٰهُ أَن

فَلَمَّآ	أَسۡلَمَا	وَتَلَّهُۥ	لِلۡجَبِينِ ١٠٣	وَنَٰدَيۡنَٰهُ	أَن
پھر جب	وہ دونوں مطیع ہو گئے	اور اس نے اسے لٹا دیا	کروٹ کے بل	اور ہم نے اسے پکارا	کہ
پھر جب دونوں نے فرمانبداری کی روش اختیار کر لی اور ابراہیم نے اسماعیل کو پیشانی کے بل لٹا دیا۔ اور ہم نے اسے پکارا					

يَٰٓإِبۡرَٰهِيمُ ١٠٤ قَدۡ صَدَّقۡتَ ٱلرُّءۡيَآۚ إِنَّا كَذَٰلِكَ

يَٰٓإِبۡرَٰهِيمُ ١٠٤	قَدۡ	صَدَّقۡتَ	ٱلرُّءۡيَآۚ	إِنَّا	كَذَٰلِكَ
اے ابراہیم!	یقیناً	تو نے سچ کر دکھایا	اپنا خواب	بیشک ہم	اسی طرح
کہ اے ابراہیم! یقیناً تو نے اپنا خواب سچ کر دکھایا					

نَجۡزِي ٱلۡمُحۡسِنِينَ ١٠٥ إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ ٱلۡبَلَٰٓؤُاْ

نَجۡزِي	ٱلۡمُحۡسِنِينَ ١٠٥	إِنَّ	هَٰذَا	لَهُوَ	ٱلۡبَلَٰٓؤُاْ
بدلہ دیتے ہیں	نیکی کرنے والوں کو	بیشک	یہ	یقیناً یہی ہے	آزمائش
بیشک ہم اسی طرح نیکی کرنے والوں کو بدلہ دیتے ہیں۔ یقیناً یہ بہت بڑی آزمائش تھی۔					

ٱلۡمُبِينُ ١٠٦ وَفَدَيۡنَٰهُ بِذِبۡحٍ عَظِيمٖ ١٠٧ وَتَرَكۡنَا عَلَيۡهِ

ٱلۡمُبِينُ ١٠٦	وَفَدَيۡنَٰهُ	بِذِبۡحٍ عَظِيمٖ ١٠٧	وَتَرَكۡنَا	عَلَيۡهِ
کھلی	اور ہم نے اس (اسماعیل) کے فدیے میں دیا	ایک عظیم (جانور) ذبح کرنے کو	اور ہم نے چھوڑا	اس پر
اور ہم نے اس (اسماعیل) کے فدیے میں ایک عظیم (جانور) ذبح کرنے کو دیا۔				

فِي ٱلۡأٓخِرِينَ ١٠٨ سَلَٰمٌ عَلَىٰٓ إِبۡرَٰهِيمَ ١٠٩ كَذَٰلِكَ نَجۡزِي ٱلۡمُحۡسِنِينَ ١١٠

فِي ٱلۡأٓخِرِينَ ١٠٨	سَلَٰمٌ	عَلَىٰٓ إِبۡرَٰهِيمَ ١٠٩	كَذَٰلِكَ	نَجۡزِي	ٱلۡمُحۡسِنِينَ ١١٠
پچھلے لوگوں میں	(یہ کہنا کہ) سلام ہو	ابراہیم پر	اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	نیکی کرنے والوں کو
اور ہم نے اُن کا ذکر پچھلوں میں باقی رکھا ابراہیم پر سلام ہو۔ اسی طرح ہم نیکی کرنے والوں کو بدلہ دیتے ہیں۔					

إِنَّهُۥ مِنۡ عِبَادِنَا ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ١١١ وَبَشَّرۡنَٰهُ بِإِسۡحَٰقَ نَبِيًّا

إِنَّهُۥ	مِنۡ عِبَادِنَا ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ١١١	وَبَشَّرۡنَٰهُ	بِإِسۡحَٰقَ	نَبِيًّا
بیشک وہ	ہمارے مومن بندوں میں سے تھا	اور ہم نے اسے خوشخبری دی	اسحاق (بیٹے) کی	اس حال میں کہ وہ نبی ہو گا
بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا اور ہم نے اسے اسحاق کی خوشخبری دی ایک نبی صالحین میں سے۔				

مِّنَ ٱلصَّٰلِحِينَ ١١٢ وَبَٰرَكۡنَا عَلَيۡهِ وَعَلَىٰٓ إِسۡحَٰقَۚ وَمِن ذُرِّيَّتِهِمَا

مِّنَ ٱلصَّٰلِحِينَ ١١٢	وَبَٰرَكۡنَا	عَلَيۡهِ	وَعَلَىٰٓ إِسۡحَٰقَۚ	وَمِن ذُرِّيَّتِهِمَا
نیکوں میں سے	اور ہم نے برکت نازل کی	اس (ابراہیم) پر	اور اسحاق پر	اور ان دونوں کی اولاد میں سے
اور ہم نے برکت نازل کی ابراہیم اور اسحاق پر اور ان دونوں کی اولاد میں سے نیکوکار بھی تھے				

مُحۡسِنٞ وَظَالِمٞ لِّنَفۡسِهِۦ مُبِينٞ ١١٣ وَلَقَدۡ مَنَنَّا

مُحۡسِنٞ	وَظَالِمٞ	لِّنَفۡسِهِۦ	مُبِينٞ ١١٣	وَلَقَدۡ	مَنَنَّا
کوئی نیکی کرنے والا ہے	اور کوئی ظلم کرنے والا ہے	اپنے آپ پر	کھلم کھلا	اور یقیناً	ہم نے احسان کیا
اور اپنی جانوں پر صریح ظلم کرنے والے بھی۔ اور یقیناً ہم نے موسیٰ اور ہارون پر احسان کیا					

عَلَىٰ مُوسَىٰ وَهَٰرُونَ ﴿١١٤﴾ وَنَجَّيْنَٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ ٱلْكَرْبِ ٱلْعَظِيمِ ﴿١١٥﴾

عَلَىٰ مُوسَىٰ وَهَٰرُونَ ﴿١١٤﴾	وَنَجَّيْنَٰهُمَا	وَقَوْمَهُمَا	مِنَ ٱلْكَرْبِ ٱلْعَظِيمِ ﴿١١٥﴾
موسیٰ اور ہارون پر	اور ہم نے ان دونوں کو نجات دی	اور ان کی قوم کو	بہت بڑی بھاری مصیبت سے
اور ہم نے ان دونوں کو اور ان کی قوم کو نجات دی بہت بڑی بھاری مصیبت سے۔			

وَنَصَرْنَٰهُمْ فَكَانُوا۟ هُمُ ٱلْغَٰلِبِينَ ﴿١١٦﴾ وَءَاتَيْنَٰهُمَا ٱلْكِتَٰبَ

وَنَصَرْنَٰهُمْ	فَكَانُوا۟	هُمُ	ٱلْغَٰلِبِينَ ﴿١١٦﴾	وَءَاتَيْنَٰهُمَا	ٱلْكِتَٰبَ
اور ہم نے ان کی مدد کی	چنانچہ وہ ہوئے	وہی	غلبہ حاصل کرنے والے	اور ہم نے ان دونوں کو دی	کتاب (تورات)
اور ہم نے ان کی مدد کی پھر وہی غالب ہوئے۔ اور ہم نے ان دونوں کو واضح کتاب (تورات) دی۔					

ٱلْمُسْتَبِينَ ﴿١١٧﴾ وَهَدَيْنَٰهُمَا ٱلصِّرَٰطَ ٱلْمُسْتَقِيمَ ﴿١١٨﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا

ٱلْمُسْتَبِينَ ﴿١١٧﴾	وَهَدَيْنَٰهُمَا	ٱلصِّرَٰطَ ٱلْمُسْتَقِيمَ ﴿١١٨﴾	وَتَرَكْنَا	عَلَيْهِمَا
واضح	اور ہم نے ان دونوں کو ہدایت دی	سیدھے راستے کی	اور ہم نے چھوڑا	ان دونوں پر
اور ہم نے ان دونوں کو سیدھے راستے کی ہدایت دی۔ اور ہم نے اُن دونوں کے لیے پیچھے آنے والوں میں یہ بات باقی رکھی				

فِى ٱلْءَاخِرِينَ ﴿١١٩﴾ سَلَٰمٌ عَلَىٰ مُوسَىٰ وَهَٰرُونَ ﴿١٢٠﴾ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجْزِى

فِى ٱلْءَاخِرِينَ ﴿١١٩﴾	سَلَٰمٌ	عَلَىٰ مُوسَىٰ وَهَٰرُونَ ﴿١٢٠﴾	إِنَّا	كَذَٰلِكَ	نَجْزِى
پچھلے لوگوں میں	سلام ہو	موسیٰ اور ہارون پر	بیشک ہم	اسی طرح	بدلہ دیتے ہیں
سلام ہو موسیٰ اور ہارون پر۔ بیشک ہم اسی طرح نیکی کرنے والوں کو بدلہ دیتے ہیں۔					

ٱلۡمُحۡسِنِينَ ﴿١٢١﴾ إِنَّهُۥ مِنۡ عِبَادِنَا ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ﴿١٢٢﴾ وَإِنَّ إِلۡيَاسَ

ٱلۡمُحۡسِنِينَ ﴿١٢١﴾	إِنَّهُۥ	مِنۡ عِبَادِنَا ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ﴿١٢٢﴾	وَإِنَّ	إِلۡيَاسَ
نیکی کرنے والوں کو	بیشک وہ دونوں	ہمارے مومن بندوں میں سے تھے	اور بیشک	الیاس بھی
بیشک وہ دونوں ہمارے مومن بندوں میں سے تھے اور بیشک الیاس بھی رسولوں میں سے تھے۔				

لَمِنَ ٱلۡمُرۡسَلِينَ ﴿١٢٣﴾ إِذۡ قَالَ لِقَوۡمِهِۦٓ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٢٤﴾ أَتَدۡعُونَ

لَمِنَ ٱلۡمُرۡسَلِينَ ﴿١٢٣﴾	إِذۡ	قَالَ	لِقَوۡمِهِۦٓ	أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٢٤﴾	أَتَدۡعُونَ
یقیناً رسولوں میں سے تھا	جب	اس نے کہا	اپنی قوم سے	کیا تم ڈرتے نہیں؟	کیا تم پکارتے ہو
جب اس نے اپنی قوم سے کہا کیا تم ڈرتے نہیں؟ کیا تم بعل بت کو پکارتے ہو					

بَعۡلٗا وَتَذَرُونَ أَحۡسَنَ ٱلۡخَٰلِقِينَ ﴿١٢٥﴾ ٱللَّهَ رَبَّكُمۡ وَرَبَّ

بَعۡلٗا	وَتَذَرُونَ	أَحۡسَنَ ٱلۡخَٰلِقِينَ ﴿١٢٥﴾	ٱللَّهَ	رَبَّكُمۡ	وَرَبَّ
بعل (بت) کو	اور تم چھوڑ دیتے ہو	سب سے بہتر پیدا کرنے والے کو	(یعنی) اللہ کو	جو رب ہے تمھارا	اور رب ہے
اور تم سب سے بہتر پیدا کرنے والے اللہ کو چھوڑ دیتے ہو جو رب ہے تمھارا اور رب ہے					

ءَابَآئِكُمُ ٱلۡأَوَّلِينَ ﴿١٢٦﴾ فَكَذَّبُوهُ فَإِنَّهُمۡ لَمُحۡضَرُونَ ﴿١٢٧﴾ إِلَّا

ءَابَآئِكُمُ ٱلۡأَوَّلِينَ ﴿١٢٦﴾	فَكَذَّبُوهُ	فَإِنَّهُمۡ	لَمُحۡضَرُونَ ﴿١٢٧﴾	إِلَّا
تمھارے پہلے باپ دادا کا؟	پھر انہوں نے اس جھٹلایا	سو یقیناً وہ سب	ضرور حاضر کیے جائینگے	سوائے
تمھارے پہلے باپ دادا کا؟ پھر انہوں نے اس جھٹلایا سو یقیناً وہ سب قیامت کے دن ضرور حاضر کیے جائینگے۔				

عِبَادَ ٱللَّهِ ٱلۡمُخۡلَصِينَ ﴿١٢٨﴾ وَتَرَكۡنَا عَلَيۡهِ فِي ٱلۡأٓخِرِينَ ﴿١٢٩﴾

عِبَادَ ٱللَّهِ	ٱلۡمُخۡلَصِينَ ﴿١٢٨﴾	وَتَرَكۡنَا	عَلَيۡهِ	فِي ٱلۡأٓخِرِينَ ﴿١٢٩﴾
اللہ کے ان بندوں کے	جو خالص کیے (چنے) ہوئے ہیں	اور ہم نے چھوڑا	اس پر	پچھلے لوگوں میں
سوائے اللہ کے چنے ہوئے بندوں کے۔ ہم نے (الیاس) کا ذکر خیر پچھلوں میں بھی باقی رکھا۔				

سَلَٰمٌ عَلَىٰٓ إِلۡ يَاسِينَ ﴿١٣٠﴾ إِنَّا كَذَٰلِكَ نَجۡزِي ٱلۡمُحۡسِنِينَ ﴿١٣١﴾

سَلَٰمٌ	عَلَىٰٓ إِلۡ يَاسِينَ ﴿١٣٠﴾	إِنَّا	كَذَٰلِكَ	نَجۡزِي	ٱلۡمُحۡسِنِينَ ﴿١٣١﴾
سلام ہو	الیاسین پر	بیشک ہم	اسی طرح	بدلہ دیتے ہیں	نیکی کرنے والوں کو
سلام ہو الیاسین پر۔ بیشک ہم اسی طرح نیکی کرنے والوں کو بدلہ دیتے ہیں					

إِنَّهُۥ مِنۡ عِبَادِنَا ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ﴿١٣٢﴾ وَإِنَّ لُوطٗا لَّمِنَ ٱلۡمُرۡسَلِينَ ﴿١٣٣﴾ إِذۡ

إِنَّهُۥ	مِنۡ عِبَادِنَا ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ﴿١٣٢﴾	وَإِنَّ	لُوطٗا	لَّمِنَ ٱلۡمُرۡسَلِينَ ﴿١٣٣﴾	إِذۡ
بیشک وہ تھا	ہمارے مومن بندوں میں سے	اور بیشک	لوط	یقیناً رسولوں میں سے تھا	جب
بیشک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھا۔ اور بیشک لوط یقیناً رسولوں میں سے تھا۔					

نَجَّيۡنَٰهُ وَأَهۡلَهُۥٓ أَجۡمَعِينَ ﴿١٣٤﴾ إِلَّا عَجُوزٗا فِي ٱلۡغَٰبِرِينَ ﴿١٣٥﴾

نَجَّيۡنَٰهُ	وَأَهۡلَهُۥٓ	أَجۡمَعِينَ ﴿١٣٤﴾	إِلَّا	عَجُوزٗا	فِي ٱلۡغَٰبِرِينَ ﴿١٣٥﴾
ہم نے نجات دی اس کو	اور اس کے اہل کو	سب کو	سوائے	ایک بڑھیا کے	جو پیچھے رہ جانے والوں میں سے تھی
جب ہم نے انہیں اور ان کے اہل سب کو نجات دی۔ سوائے ایک بڑھیا کے جو پیچھے رہ جانے والوں میں سے تھی۔					

ثُمَّ دَمَّرۡنَا ٱلۡأٓخَرِينَ ١٣٦ وَإِنَّكُمۡ لَتَمُرُّونَ عَلَيۡهِم

ثُمَّ	دَمَّرۡنَا	ٱلۡأٓخَرِينَ ١٣٦	وَإِنَّكُمۡ	لَتَمُرُّونَ	عَلَيۡهِم
پھر	ہم نے ہلاک کر دیا	دوسروں کو	اور بیشک تم	یقیناً گزرتے ہو	ان (گھروں) پر
پھر ہم نے دوسروں کو ہلاک کر دیا۔ اور بیشک تم صبح کے وقت ان کے گھروں کے پاس سے گزرتے ہو					

مُّصۡبِحِينَ ١٣٧ وَبِٱلَّيۡلِۗ أَفَلَا تَعۡقِلُونَ ١٣٨ وَإِنَّ يُونُسَ لَمِنَ ٱلۡمُرۡسَلِينَ ١٣٩

مُّصۡبِحِينَ ١٣٧	وَبِٱلَّيۡلِۗ	أَفَلَا تَعۡقِلُونَ ١٣٨	وَإِنَّ	يُونُسَ	لَمِنَ ٱلۡمُرۡسَلِينَ ١٣٩
صبح کے وقت	اور رات کو بھی	کیا پھر تم عقل نہیں رکھتے؟	اور بیشک	یونس	البتہ رسولوں میں سے تھا
اور رات کو بھی کیا پھر تم عقل نہیں رکھتے؟ اور بیشک یونس البتہ رسولوں میں سے تھا۔					

إِذۡ أَبَقَ إِلَى ٱلۡفُلۡكِ ٱلۡمَشۡحُونِ ١٤٠ فَسَاهَمَ فَكَانَ

إِذۡ	أَبَقَ	إِلَى ٱلۡفُلۡكِ ٱلۡمَشۡحُونِ ١٤٠	فَسَاهَمَ	فَكَانَ
جب	وہ بھاگ کر گیا	بھری ہوئی کشتی کی طرف	پھر قرعہ اندازی کی (اہل کشتی نے)	تو وہ ہو گیا
جب بھری ہوئی کشتی کی طرف وہ بھاگ کر گیا۔ پھر قرعہ اندازی کی (اہل کشتی نے)				

مِنَ ٱلۡمُدۡحَضِينَ ١٤١ فَٱلۡتَقَمَهُ ٱلۡحُوتُ وَهُوَ مُلِيمٞ ١٤٢

مِنَ ٱلۡمُدۡحَضِينَ ١٤١	فَٱلۡتَقَمَهُ	ٱلۡحُوتُ	وَهُوَ	مُلِيمٞ ١٤٢
ہارنے والوں میں سے	چنانچہ اس کو نگل لیا	مچھلی نے	جبکہ وہ	خود کو ملامت کرنے والا تھا
تو وہ ہارنے والوں میں سے ہو گیا۔ چنانچہ اس کو مچھلی نے نگل لیا جبکہ وہ خود کو ملامت کرنے والا تھا۔				

فَلَوۡلَآ أَنَّهُۥ كَانَ مِنَ ٱلۡمُسَبِّحِينَ ١٤٣ لَلَبِثَ فِي بَطۡنِهِۦٓ

فَلَوۡلَآ	أَنَّهُۥ	كَانَ	مِنَ ٱلۡمُسَبِّحِينَ ١٤٣	لَلَبِثَ	فِي بَطۡنِهِۦٓ
پھر اگر نہ ہوتی (یہ بات)	کہ بیشک وہ	تھا	تسبیح کرنے والوں میں سے	تو یقیناً وہ ٹھہرا رہتا	اس (مچھلی) کے پیٹ میں
تو اگر وہ تسبیح کرنے والوں میں سے نہ ہوتا تو مچھلی کے پیٹ میں ہی رہتا					

إِلَىٰ يَوۡمِ يُبۡعَثُونَ ١٤٤ فَنَبَذۡنَٰهُ بِٱلۡعَرَآءِ وَهُوَ

إِلَىٰ يَوۡمِ	يُبۡعَثُونَ ١٤٤	فَنَبَذۡنَٰهُ	بِٱلۡعَرَآءِ	وَهُوَ
اس دن تک	کہ جس میں لوگ زندہ کر کے اٹھائے جائینگے	پھر ہم نے اس کو ڈال دیا	صاف میدان میں	جبکہ وہ
اس دن تک کہ جس میں لوگ زندہ کر کے اٹھائے جائینگے۔ پھر ہم نے اس کو صاف میدان میں ڈال دیا				

سَقِيمٞ ١٤٥ وَأَنۢبَتۡنَا عَلَيۡهِ شَجَرَةٗ مِّن يَقۡطِينٖ ١٤٦ وَأَرۡسَلۡنَٰهُ

سَقِيمٞ ١٤٥	وَأَنۢبَتۡنَا	عَلَيۡهِ	شَجَرَةٗ	مِّن يَقۡطِينٖ ١٤٦	وَأَرۡسَلۡنَٰهُ
بیمار تھا	اور ہم نے اگا دیا	اس پر	ایک درخت	بیل دار (جیسے کدو وغیرہ)	اور ہم نے اس بھیجا
جبکہ وہ بیمار تھا۔ اور ہم نے اس پر سایہ کرنے والا ایک بیل دار (جیسے کدو وغیرہ) کا درخت اگا دیا۔					

إِلَىٰ مِاْئَةِ أَلۡفٍ أَوۡ يَزِيدُونَ ١٤٧ فَـَٔامَنُواْ فَمَتَّعۡنَٰهُمۡ

إِلَىٰ مِاْئَةِ أَلۡفٍ	أَوۡ	يَزِيدُونَ ١٤٧	فَـَٔامَنُواْ	فَمَتَّعۡنَٰهُمۡ
ایک لاکھ کی طرف	بلکہ	(اس سے کچھ) زیادہ ہونگے	پھر وہ ایمان لے آئے	تو ہم نے انہیں فائدہ (اٹھانے کا موقع) دیا
اور ہم نے اس کو بھیجا ایک لاکھ یا اس سے زیادہ لوگوں کی طرف پھر وہ ایمان لے آئے تو ہم نے انہیں فائدہ (اٹھانے کا موقع) دیا				

إِلَىٰ حِينٍ ﴿١٤٨﴾ فَٱسْتَفْتِهِمْ أَلِرَبِّكَ ٱلْبَنَاتُ وَلَهُمُ ٱلْبَنُونَ ﴿١٤٩﴾

إِلَىٰ حِينٍ ﴿١٤٨﴾	فَٱسْتَفْتِهِمْ	أَلِرَبِّكَ	ٱلْبَنَاتُ	وَلَهُمُ	ٱلْبَنُونَ ﴿١٤٩﴾
ایک مقررہ وقت تک	سو آپؐ ان سے پوچھیے	کیا آپؐ کے رب کے لیے	بیٹیاں ہیں	اور ان کے لیے	بیٹے؟
ایک مقررہ وقت تک۔ سو آپؐ ان سے پوچھیے کیا آپؐ کے رب کے لیے بیٹیاں ہیں اور ان کے لیے بیٹے؟					

أَمْ خَلَقْنَا ٱلْمَلَٰٓئِكَةَ إِنَٰثًا وَهُمْ شَٰهِدُونَ ﴿١٥٠﴾

أَمْ	خَلَقْنَا	ٱلْمَلَٰٓئِكَةَ	إِنَٰثًا	وَهُمْ	شَٰهِدُونَ ﴿١٥٠﴾
یا	ہم نے پیدا کیا	فرشتوں کو	مؤنث	اس حال میں کہ وہ	دیکھ رہے تھے؟
یا ہم نے فرشتوں کو مؤنث پیدا کیا اور وہ اس کے گواہ ہیں۔					

أَلَآ إِنَّهُم مِّنْ إِفْكِهِمْ لَيَقُولُونَ ﴿١٥١﴾ وَلَدَ ٱللَّهُ وَإِنَّهُمْ

أَلَآ	إِنَّهُم	مِّنْ إِفْكِهِمْ	لَيَقُولُونَ ﴿١٥١﴾	وَلَدَ ٱللَّهُ	وَإِنَّهُمْ
خبردار!	بیشک وہ	اپنی طرف سے جھوٹ گھڑ کر	یقیناً وہ کہتے ہیں	اللہ کی اولاد ہے	اور بیشک وہ
خبردار! بیشک وہ اپنی طرف سے جھوٹ گھڑ کر کہتے ہیں اللہ کی اولاد ہے اور یقیناً وہ جھوٹے ہیں۔					

لَكَٰذِبُونَ ﴿١٥٢﴾ أَصْطَفَى ٱلْبَنَاتِ عَلَى ٱلْبَنِينَ ﴿١٥٣﴾ مَا لَكُمْ

لَكَٰذِبُونَ ﴿١٥٢﴾	أَصْطَفَى	ٱلْبَنَاتِ	عَلَى ٱلْبَنِينَ ﴿١٥٣﴾	مَا	لَكُمْ
یقیناً جھوٹے ہیں	کیا اس نے پسند کیا	بیٹیوں کو	بیٹوں پر؟	کیا ہے	تمھیں
کیا اللہ نے اپنے لیے بیٹیوں کو بیٹوں پر ترجیح دی۔ تمھیں کیا ہو گیا ہے					

كَيۡفَ تَحۡكُمُونَ ﴿١٥٤﴾ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿١٥٥﴾ أَمۡ لَكُمۡ سُلۡطَٰنٞ مُّبِينٞ ﴿١٥٦﴾

كَيۡفَ	تَحۡكُمُونَ ﴿١٥٤﴾	أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿١٥٥﴾	أَمۡ	لَكُمۡ	سُلۡطَٰنٞ مُّبِينٞ ﴿١٥٦﴾
کیسا	تم فیصلہ کرتے ہو؟	کیا پھر تم غور نہیں کرتے	یا	تمھارے لیے ہے	کوئی واضح دلیل؟
کیسا تم فیصلہ کرتے ہو؟ کیا پھر تم غور نہیں کرتے یا تمھارے پاس کوئی واضح دلیل ہے؟					

فَأۡتُواْ بِكِتَٰبِكُمۡ إِن كُنتُمۡ صَٰدِقِينَ ﴿١٥٧﴾ وَجَعَلُواْ بَيۡنَهُۥ

فَأۡتُواْ بِكِتَٰبِكُمۡ	إِن	كُنتُمۡ	صَٰدِقِينَ ﴿١٥٧﴾	وَجَعَلُواْ	بَيۡنَهُۥ
تو تم اپنی کتاب لے آؤ	اگر	ہو تم	سچے	اور انہوں نے ٹھہرایا	اس (اللہ) کے درمیان
تو تم اپنی کتاب لے آؤ اگر تم سچے ہو۔ اور انہوں نے اللہ کے اور جنوں کے درمیان بھی نسبی رشتہ قائم کر دیا ہے۔					

وَبَيۡنَ ٱلۡجِنَّةِ نَسَبٗاۚ وَلَقَدۡ عَلِمَتِ ٱلۡجِنَّةُ إِنَّهُمۡ

وَبَيۡنَ ٱلۡجِنَّةِ	نَسَبٗاۚ	وَلَقَدۡ	عَلِمَتِ	ٱلۡجِنَّةُ	إِنَّهُمۡ
اور جنوں کے درمیان	رشتہ	اور یقیناً	جان لیا	جنوں نے	کہ بیشک وہ
حالانکہ جنوں کو خوب معلوم ہے کہ وہ تو گرفتار کر کے ضرور حاضر کیے جائینگے۔					

لَمُحۡضَرُونَ ﴿١٥٨﴾ سُبۡحَٰنَ ٱللَّهِ عَمَّا يَصِفُونَ ﴿١٥٩﴾ إِلَّا

لَمُحۡضَرُونَ ﴿١٥٨﴾	سُبۡحَٰنَ ٱللَّهِ	عَمَّا	يَصِفُونَ ﴿١٥٩﴾	إِلَّا
ضرور حاضر کیے جائینگے	اللہ پاک ہے	ان (باتوں) سے	جو وہ (اس کے متعلق) بیان کرتے ہیں	سوائے
اللہ پاک ہے ان (باتوں) سے جو وہ (اس کے متعلق) بیان کرتے ہیں۔				

عِبَادَ ٱللَّهِ ٱلۡمُخۡلَصِينَ ﴿١٦٠﴾ فَإِنَّكُمۡ وَمَا تَعۡبُدُونَ ﴿١٦١﴾ مَآ أَنتُمۡ

عِبَادَ ٱللَّهِ	ٱلۡمُخۡلَصِينَ ﴿١٦٠﴾	فَإِنَّكُمۡ	وَمَا	تَعۡبُدُونَ ﴿١٦١﴾	مَآ أَنتُمۡ
اللہ کے ان بندوں کے	جو خالص چنے ہوئے ہیں	سو بیشک تم	اور وہ جن کی	تم عبادت کرتے ہو	نہیں ہو تم
سوائے اللہ کے مخلص بندوں کے۔ سو بیشک تم اور وہ جن کی تم عبادت کرتے ہو					

عَلَيۡهِ بِفَٰتِنِينَ ﴿١٦٢﴾ إِلَّا مَنۡ هُوَ صَالِ ٱلۡجَحِيمِ ﴿١٦٣﴾

عَلَيۡهِ	بِفَٰتِنِينَ ﴿١٦٢﴾	إِلَّا	مَنۡ	هُوَ	صَالِ ٱلۡجَحِيمِ ﴿١٦٣﴾
اس (اللہ) کے خلاف	بہکانے والے	مگر	اسی کو کہ	وہ	جہنم میں جانے والا ہے
کسی ایک کو بھی بہکا نہیں سکتے۔ مگر اس کو کہ وہ جہنم میں جانے والا ہے۔					

وَمَا مِنَّآ إِلَّا لَهُۥ مَقَامٞ مَّعۡلُومٞ ﴿١٦٤﴾

وَمَا	مِنَّآ	إِلَّا	لَهُۥ	مَقَامٞ	مَّعۡلُومٞ ﴿١٦٤﴾
اور نہیں ہے	ہم (فرشتوں) میں سے کوئی	مگر	اسی کے لیے	مرتبہ ہے	معلوم (اللہ کے نزدیک
اور ہم میں سے کوئی نہیں مگر اس کے لیے ایک مقام مقرر ہے۔					

وَإِنَّا لَنَحۡنُ ٱلصَّآفُّونَ ﴿١٦٥﴾ وَإِنَّا لَنَحۡنُ ٱلۡمُسَبِّحُونَ ﴿١٦٦﴾ وَإِن

وَإِنَّا لَنَحۡنُ	ٱلصَّآفُّونَ ﴿١٦٥﴾	وَإِنَّا لَنَحۡنُ	ٱلۡمُسَبِّحُونَ ﴿١٦٦﴾	وَإِن
اور بیشک ہم تو یقیناً	صف باندھے کھڑے ہیں	اور بیشک ہم تو یقیناً	تسبیح (پاکیزگی بیان) کرنے والے ہیں	اور بیشک
اور ہم تو سب کے سب صفیں باندھے کھڑے ہیں اور اپنے رب کی تسبیح کرنے والے ہیں۔				

كَانُواْ لَيَقُولُونَ ﴿١٦٧﴾ لَوۡ أَنَّ عِندَنَا ذِكۡرٗا مِّنَ ٱلۡأَوَّلِينَ ﴿١٦٨﴾

كَانُواْ لَيَقُولُونَ ﴿١٦٧﴾	لَوۡ	أَنَّ	عِندَنَا	ذِكۡرٗا	مِّنَ ٱلۡأَوَّلِينَ ﴿١٦٨﴾
وہ (کفار) یقیناً کہتے ہیں	اگر	بیشک	ہمارے پاس ہوتی	کوئی نصیحت (کتاب)	پہلے لوگوں کی
اور یہ کفار تو کہا کرتے تھے۔ کہ اگر ہمارے پاس بھی پہلوں کی کوئی نصیحت (کتاب) ہوتی					

لَكُنَّا عِبَادَ ٱللَّهِ ٱلۡمُخۡلَصِينَ ﴿١٦٩﴾ فَكَفَرُواْ بِهِۦۖ فَسَوۡفَ

لَكُنَّا	عِبَادَ ٱللَّهِ	ٱلۡمُخۡلَصِينَ ﴿١٦٩﴾	فَكَفَرُواْ	بِهِۦۖ	فَسَوۡفَ
تو ہم ضرور ہوتے	اللہ کے بندے	چنے ہوئے	تو انہوں نے کفر کیا	اس کے ساتھ	پھر عنقریب
تو ہم ضرور اللہ کے چنے ہوئے بندے ہوتے۔ مگر (اب وہ ذکر آگیا ہے تو) انہوں نے اس کا انکار دیا					

يَعۡلَمُونَ ﴿١٧٠﴾ وَلَقَدۡ سَبَقَتۡ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا

يَعۡلَمُونَ ﴿١٧٠﴾	وَلَقَدۡ	سَبَقَتۡ	كَلِمَتُنَا	لِعِبَادِنَا
وہ جان لیں گے	اور یقیناً	پہلے سے طے ہو چکی ہے	ہماری بات	ہمارے ان بندوں کے لیے
پھر عنقریب وہ جان لیں گے۔ اور ہماری یہ بات پہلے سے طے شدہ ہے اپنے ان بندوں کے لیے				

ٱلۡمُرۡسَلِينَ ﴿١٧١﴾ إِنَّهُمۡ لَهُمُ ٱلۡمَنصُورُونَ ﴿١٧٢﴾ وَإِنَّ جُندَنَا لَهُمُ

ٱلۡمُرۡسَلِينَ ﴿١٧١﴾	إِنَّهُمۡ لَهُمُ	ٱلۡمَنصُورُونَ ﴿١٧٢﴾	وَإِنَّ	جُندَنَا	لَهُمُ
جو بھیجے ہوئے (رسول) ہیں	کہ بیشک وہ یقیناً وہی	مدد کیے جائینگے	اور بیشک	ہمارا لشکر	یقیناً وہی
جن کو ہم رسول بنا کر بھیجتے رہے ہیں۔ کہ ان کی لازماً مدد کی جائے گی۔ اور یقیناً ہمارا لشکر ہی غالب رہے گا					

ٱلۡغَٰلِبُونَ ﴿١٧٣﴾ فَتَوَلَّ عَنۡهُمۡ حَتَّىٰ حِينٖ ﴿١٧٤﴾ وَأَبۡصِرۡهُمۡ فَسَوۡفَ

ٱلۡغَٰلِبُونَ ﴿١٧٣﴾	فَتَوَلَّ	عَنۡهُمۡ	حَتَّىٰ حِينٖ ﴿١٧٤﴾	وَأَبۡصِرۡهُمۡ	فَسَوۡفَ
غالب رہے گا	سو آپؐ منہ موڑ لیجیے	ان سے	ایک مدت تک	اور آپؐ انہیں دیکھیے	پھر جلد ہی
اب آپؐ کچھ دنوں تک ان سے منہ پھیر لیجیے۔ اور آپؐ انہیں دیکھیے پھر جلد ہی وہ بھی دیکھیں گے					

يُبۡصِرُونَ ﴿١٧٥﴾ أَفَبِعَذَابِنَا يَسۡتَعۡجِلُونَ ﴿١٧٦﴾ فَإِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمۡ

يُبۡصِرُونَ ﴿١٧٥﴾	أَفَبِعَذَابِنَا	يَسۡتَعۡجِلُونَ ﴿١٧٦﴾	فَإِذَا	نَزَلَ	بِسَاحَتِهِمۡ
وہ بھی دیکھیں گے	تو کیا ہمارا عذاب	وہ جلدی مانگتے ہیں؟	پھر جب	وہ نازل ہو گا	ان کے میدان میں
تو کیا یہ ہمارے عذاب کی جلدی مچا رہے ہیں۔ پھر جب وہ ان کے میدان میں نازل ہو گا					

فَسَآءَ صَبَاحُ ٱلۡمُنذَرِينَ ﴿١٧٧﴾ وَتَوَلَّ عَنۡهُمۡ حَتَّىٰ حِينٖ ﴿١٧٨﴾

فَسَآءَ	صَبَاحُ	ٱلۡمُنذَرِينَ ﴿١٧٧﴾	وَتَوَلَّ	عَنۡهُمۡ	حَتَّىٰ حِينٖ ﴿١٧٨﴾
تو بری ہو گی	صبح	ڈرائے گئے لوگوں کی	اور آپؐ منہ پھیر لیجیے	ان سے	ایک مدت تک
تو بری صبح ہو گی ان لوگوں کی جن کو خبردار کیا گیا تھا۔ اور آپؐ ان سے ایک وقت تک کے لیے منہ پھیر لیجیے۔					

وَأَبۡصِرۡ فَسَوۡفَ يُبۡصِرُونَ ﴿١٧٩﴾ سُبۡحَٰنَ رَبِّكَ رَبِّ ٱلۡعِزَّةِ

وَأَبۡصِرۡ	فَسَوۡفَ	يُبۡصِرُونَ ﴿١٧٩﴾	سُبۡحَٰنَ	رَبِّكَ	رَبِّ ٱلۡعِزَّةِ
اور آپؐ دیکھیے	پھر جلد ہی	وہ بھی دیکھیں گے	پاک ہے	آپؐ کا رب	جو عزت کا مالک ہے
اور آپؐ دیکھیے پھر جلد ہی وہ بھی دیکھیں گے۔ پاک ہے آپؐ کا رب جو عزت کا مالک ہے					

عَمَّا يَصِفُونَ ﴿١٨٠﴾ وَسَلَٰمٌ عَلَى ٱلْمُرْسَلِينَ ﴿١٨١﴾

عَمَّا	يَصِفُونَ ﴿١٨٠﴾	وَسَلَٰمٌ	عَلَى ٱلْمُرْسَلِينَ ﴿١٨١﴾
ان (باتوں) سے جو	وہ (مشرک) بیان کرتے ہیں	اور سلام ہے	سب رسولوں پر
ان باتوں سے جو وہ مشرک بیان کرتے ہیں۔ اور سلام ہے سب رسولوں پر			

وَٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿١٨٢﴾

وَٱلْحَمْدُ	لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ ﴿١٨٢﴾
اور تمام تعریفیں	اللہ رب العالمین کے لیے ہیں
اور تمام تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہیں۔	

For updates, suggestions and/or comments please contact us on the following:

- Mohammad Abdur Rasheed
  - Mobile + Whatsapp: +1 (647) 462-7454
  - Email: mohammadrasheed97@gmail.com
- Jad Ul Haque
  - Mobile + Whatsapp: +1(343)6332211
  - Telegram: @jadulhaque
  - Email: jadulhaque@gmail.com
- Azka Abdur Rasheed
  - Email: azka.a.rasheed@gmail.com
- For other documents (surahs and duas) please visit the following link: https://archive.org/details/@shehla_rani